بسم اللہ الرحمن الرحیم

حالتِ احرام میں لینز لگانا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا احرام کی حالت میں لینز لگا سکتے ہیں؟

جواب

آنکھوں میں لینز لگانا احرام کے منافی نہیں، لہذا احرام کی حالت میں لینز لگا سکتے ہیں، شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں، البتہ! احرام کی حالت میں لینز لگانے میں اس چیز کی احتیاط ضروری ہے، کہ پلکوں کے بال نہ ٹوٹنے پائیں، کہ احرام کی حالت میں سر سے پاؤں تک کہیں سے کوئی بال جدا کرنا، حرام ہے۔ امامِ اہلِ سنّت، امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہ تَعالٰی عَلَیْہِ (وِصال: 1340ھ/1921ء) تحریر فرماتے ہیں: "یہ احرام تھا، اِس کے ہوتے ہی یہ کام حرام ہو گئے: ۔۔۔ سر سے پاؤں تک کہیں سے کوئی بال جدا کرنا۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 732، 733، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4926

تاریخ اجراء: 22 شوال المکرم 1447ھ/11 اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net